OIPRD

آفس آف دی انڈیپنڈنٹ پولیس ریویو ڈائرکٹر

اگر مجھے شکایت فارم مکمل کرنے میں دشواری پیش آرہی ہے تو کیا ہوگا؟

اگر آپ کو OIPRD تک رسائی حاصل کرنے میں دشواریاں پیش آرہی ہیں تو، شکایت فارم مکمل کرنے میں ہم آپ کی اعانت کرسکتے ہیں- مگر، ہم آپ کی شکایت کے تعلق سے کوئی مشورہ فراہم نہیں کرسکتے ہیں- اگر آپ اپنی شکایت کے بارے میں کسی سے بات کرنا چاہتے ہیں تو، بہت سارے معاشرتی گروپ اور قانونی مطب اعانت کی پیشکش کرسکتے ہیں- اپنے علاقے میں موجود مطب اور معاشرتی گروپوں کی فہرست کے لئے براہ کرم ہماری ویب سائٹ پر مفید لنکس والا صفحہ ملاحظ کریں-

اگر انگریزی / فرانسیسی میری پہلی زبان نہیں ہے تو کیا ہوگا؟

OIPRD صرف انگریزی اور فرانسیسی میں ہی خدمات فراہم کرتا ہے- اگر آپ کو شکایت درج کرانے یا OIPRD سے خط و کتابت کرنے کے لئے مترجم کی اعانت درکار ہے تو، آپ کو خود ہی اس کا انتظام کرنا چاہیے- مترجم کی تلاش میں تعاون کے لئے براہ کرم ہماری ویب سائٹ پر مفید لنکس والا صفحہ ملاحظ کریں-

کیا اس ضمن میں وقت کی کوئی حد مقرر ہے کہ میں کب اپنی شکایت درج کروا سکتا ہوں؟

شکایت جس واقعہ کے بارے میں ہے اس کے پیش آنے سے چھ ماہ کے اندر شکایت درج ہونی چاہیے-

کیا مجھے شکایت درج کروانے کے لئے وکیل کی ضرورت ہے؟

نہیں- آپ کو شکایت درج کروانے کے لئے وکیل یا کسی اور قسم کے نمائندہ کی ضرورت نہیں ہے، لیکن آپ اپنی اعانت کے لئے کسی کو بلا سکتے ہیں-

کیا میں گمنام شکایت درج کروا سکتا ہوں؟

نہیں، گمنام شکایات قبول نہیں کی جائیں گی- منصفانہ اور شفاف کارروائی فراہم کرنے کے لئے، بذات خود شکایت کنندگان کی نشاندہی ہونی چاہیے اور شکایت جمع کراتے وقت OIPRD کے شکایت فارم پر دستخط کرنا چاہیے-

ہم سے بات کریں

آفس آف دی انڈیپنڈنٹ پولیس ریویو ڈائرکٹر (OIPRD)

OIPRD اونٹاریو کی وزارت برائے اٹارنی جنرل کی ایک جدا ایجنسی ہے جس کا سارا عملہ شہری افراد پر مشتمل ہے- اس کا مطلب یہ ہے کہ ہمارے فیصلے آزادانہ ہیں، اور ہم حکومت، پولیس اور معاشرہ سے الگ تھلگ ہیں- OIPRD اونٹاریو کی پولیس کے خلاف عوامی شکایات کی جانچ پڑتال قبول کرنے، اس پر کارروائی کرنے اور اس پر مجموعی نگاہ رکھنے کے لئے ایک معروضی، غیر جانبدار دفتر فراہم کرتا ہے- کچھ معاملات میں ہم شکایت کی بھی جانچ پڑتال کریں گے-

OIPRD یہ یقینی بناتا ہے کہ اونٹاریو میں پولیس کے خلاف عوامی شکایات کا ازالہ اس انداز میں کیا جاتا ہے جو شفاف، منصفانہ، کافی اور مؤثر ہے-

ہم عوامی شکایات کو حل کرنے کے طریقے کے لئے معیارات اور طریق کار مرتب کرکے یہ کام انجام دیتے ہیں- OIPRD اور پولیس دونوں ہی یہ یقینی بنانے کے لئے ایک جیسے معیارات اور طریق کار پر عمل کرتے ہیں کہ پورے اونٹاریو میں عوامی شکایات کا ایک معتبر نظام موجود ہے-

میں اپنی شکایت کیسے درج کراؤں؟

آپ اونٹاریو میں کسی افسر کے اخلاق، کسی بھی بلدیہ، علاقائی یا صوبائی پولیس سروس کی خدمات یا پالیسیوں کے بارے میں انگریزی یا فرانسیسی زبان میں شکایت درج کرا سکتے ہیں- ساری شکایات OIPRD کے شکایت فارم پر ہونی چاہئیں اور اس پر شکایت درج کرانے والے شخص کا دستخط ہونا چاہیے-

آپ ہماری ویب سائٹ پر، بذریعہ فیکس، یا ہمارے دفتر میں بذات خود حاضر ہوکر OIPRD کے پاس اپنی شکایت درج کرا سکتے ہیں- شکایات فارم OIPRD میں، سروس اونٹاریو کے تمام مقامات پر، سارے تھانوں میں اور بہت سارے معاشرتی مراکز اور قانونی مطب میں دستیاب ہیں-

آپ اپنا مکمل کردہ OIPRD شکایت فارم کسی بھی بلدیہ، علاقائی یا صوبائی تھانہ میں بھی درج کرا سکتے ہیں- پولیس سروس شکایت کو ریکارڈ کرکے اسے OIPRD کے پاس بھیج دے گی-

براہ کرم شکایت درج کرانے سے متعلق مزید تفصیلی معلومات کے لئے ہمارا بروشر بہ عنوان قدم بہ قدم: پولیس کے خلاف شکایت درج کرانے کا طریقہ سے رجوع کریں-

OIPRD سے متعلق مزید معلومات کے لئے براہ کرم ملاحظہ کریں: **www.oiprd.on.ca**

OIPRD
آفس آف دی انڈیپنڈنٹ
پولیس ریویو ڈائرکٹر

بذریعہ ڈاک ہم سے رابطہ کرنے یا بذات خود ملنے کے لئے:

Office of the Independent Police Review Director
655 Bay Street, 10th Floor
Toronto, Ontario
M5G 2K4

آپ کی بہتر خدمت انجام دینے میں ہماری اعانت کے لئے، اگر آپ OIPRD کو ڈاک بھیج رہے ہیں تو براہ کرم ذیل میں سے کسی ایک کو مخاطب کریں:

- شکایات
- نظرثانی
- مقامی تدبیر
- کیس منیجمنٹ
- جانچ پڑتال
- منتہائے رسائی اور تعلیم
- عمومی پوچھ تاچھ
- معلومات کی آزادی کی عرضی
- تعلقات ذرائع ابلاغ-

آپ درج ذیل کا استعمال کرکے بھی OIPRD سے رابطہ کرسکتے ہیں:

ٹول فری فون: **1-877-411-4773**
مقامی فون: **416-246-7071**
YTT: **1-877-414-4773**
ٹول فری فیکس: **1-877-415-4773**
مقامی فیکس: **416-327-8332**
ویب سائٹ: **www.oiprd.on.ca**

کیا آپ کے سوالات ہیں؟ ہماری ویب سائٹ پر اکثر پوچھے گئے سوالات (FAQ) والا صفحہ ملاحظہ کریں یا اس پتے پر ہم سے رابطہ کریں: **OIPRD@ontario.ca**- تمام شکایات OIPRD کے شکایت فارم پر ہی درج ہونی چاہئیں-